رسولوں پر ایمان

غار حرا میں جب حضرت محمد ﷺ پر پہلی وحی نازل ہوئی تو آپ گھبرائے ہوئے گھر آئے اور کہا کہ مجھے اڑھا دو مجھے اڑھا دو۔ آپ ﷺ کی وفا شعار مخلص بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کی دل داری کرکے آپ کی گھبراہٹ کم کی اور آپ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ آپ ہر گز نہ گھبرائیے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو رسوا نہ کرے گا۔ آپ صلہ رحمی کرتے ہیں، ناتوانوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، ناداروں کی خبر گیری کرتے ہیں، مہمان نواز ہیں، حق پسندوں کی مشکلات میں کام آتے ہیں۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کو لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس گئیں اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ ورقہ بن نوفل حق کی تلاش میں نصرانی ہو گئے تھے۔ انجیل پڑھتے تھے۔ انھوں نے آپ ﷺ کی باتیں سن کر کہا کہ یہ تو وہی فرشتہ تھا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آتا تھا۔ آپ ﷺ اس وقت کے نبی ہیں۔ (بخاری)

رسولوں پر ایمان لانا ایمان کا چوتھا رکن ہے جیسا کہ رسول اللہ کی اس حدیث میں مذکور ہے جو حدیث جبرئیل کے نام سے مشہور ہے۔ آپ نے فرمایا: أن تؤمن بالله وملائكته ورسله کہ تو ایمان لائے اللہ پر اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اور اس کے رسولوں پر (متفق علیہ)

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے بہت سے رسول بھیجے جن میں سے کچھ کا ذکر قرآن میں ہے اور بہت سوں کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن ہمارے لئے سب پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے:

﴿فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ ۖ ﴿١٧١﴾﴾ (النساء: ١٧١) ترجمہ: اس لئے تم اللہ کو اور اس کے سب رسولوں کو مانو۔ مزید فرمایا: ﴿وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَلَمۡ يُفَرِّقُواْ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّنۡهُمۡ أُوْلَٰٓئِكَ سَوۡفَ يُؤۡتِيهِمۡ أُجُورَهُمۡۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورٗا رَّحِيمٗا ﴿١٥٢﴾﴾ (النساء: ١٥٢) ترجمہ: اور جو لوگ اللہ پر اور اس کے تمام پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے، یہ ہیں جنھیں اللہ ان کے پورے ثواب دے گا اور اللہ بڑی مغفرت والا رحمت والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بہت سے نبی اور رسول بھیجے قرآن میں پچیس انبیاء ورسل کے نام آئے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

۱- حضرت آدم علیہ السلام ۲۔حضرت نوح علیہ السلام ۳۔حضرت ادریس علیہ السلام ۴۔حضرت صالح علیہ السلام ۵۔حضرت ہود علیہ السلام ۶۔حضرت ابراہیم علیہ السلام ۷۔حضرت لوط علیہ السلام ۸۔حضرت اسماعیل علیہ السلام ۹۔حضرت اسحاق علیہ السلام ۱۰۔حضرت یعقوب علیہ السلام ۱۱۔حضرت یوسف علیہ السلام ۱۲۔حضرت ایوب علیہ السلام ۱۳۔حضرت شعیب علیہ السلام ۱۴۔حضرت یونس علیہ السلام ۱۵۔حضرت موسی علیہ السلام ۱۶۔حضرت ہارون علیہ السلام ۱۷۔حضرت الیسع علیہ السلام ۱۸۔حضرت ذوالکفل علیہ السلام ۱۹۔حضرت داؤد علیہ السلام ۲۰۔حضرت زکریا علیہ السلام ۲۱۔حضرت سلیمان علیہ السلام ۲۲۔حضرت الیاس علیہ السلام ۲۳۔حضرت یحیی علیہ السلام ۲۴۔حضرت عیسی علیہ السلام ۲۵۔حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ.

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ﴿٧٨﴾ ﴾ (غافر: ۷۸) ترجمہ: یقیناً ہم آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیج چکے ہیں جن میں سے بعض کے (واقعات) ہم آپ کو بیان کر چکے ہیں اور ان میں سے بعض کے (قصے) تو ہم نے آپ کو بیان ہی نہیں کئے۔